© rasailojaraid.com



# تبصرہ

**ہمارا زوال اور اس کے اسباب (انگریزی) (Our Decline and its Causes)**

از امیر شکیب ارسلان۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۲۵ صفحات ٹائپ جلی اور روشن قیمت مجلد عہ

پتہ:۔ شیخ محمد اشرف صاحب تاجر کتب کشمیری بازار لاہور۔

امیر شکیب ارسلان عالمِ اسلام کے مشہور مجاہد اور صاحبِ قلم بھی ہیں۔ چند سال ہوئے شیخ محمد بسیونی ایک عالم نے موصوف سے مصر کے مشہور علمی و دینی رسالہ "المنار" کے ذریعہ ایک خط میں مسلمانوں کے موجودہ انحطاط اور ان کے بالمقابل اقوامِ یورپ کی ترقی اور ان کے اسباب سے متعلق دو سوال کئے تھے۔ جن کا جواب فاضل امیر نے "مسلمان کیوں پیچھے ہیں" (لماذا تأخر المسلمون) کے زیرِ عنوان المنار میں ہی لکھا تھا۔ اصل مضمون عربی میں تھا مگر بعد میں اس کے متعدد زبانوں میں تراجم ہوئے زیرِ تبصرہ کتاب اسی مضمون کا انگریزی مگر نہایت کامیاب اور آزاد ترجمہ ہے جو ایم اے شکور صاحب ایم، اے (علیگ) رکن ادارۂ ڈان نے کیا ہے۔

امیر البیان والقلم نے مسلمانوں کی عام حالتِ امروز کا خاکہ کھینچنے کے بعد پہلے قرونِ اولیٰ کے مسلمانوں کی ترقی اور اس کے اسباب پر روشنی ڈالی ہے اور پھر موجودہ اقوامِ یورپ کے ساتھ ان کا مقابلہ کر کے موجودہ انحطاط کے اسباب بتائے ہیں۔ اسی سلسلہ میں انھوں نے یہ بھی بتایا ہے کہ جو لوگ لکیر کے فقیر ہیں اور اپنے مزعومات سے ایک انچ ادھر اُدھر ہونا پسند نہیں کرتے ان میں خالص اسلامی نقطۂ نظر سے کیا خامیاں ہیں اور وہ کس طرح اپنے جمود و خمود سے دشمنانِ اسلام کے ہاتھوں کو مضبوط کر رہے ہیں۔ آخر میں ان ناقدین کو جواب دیا ہے جو اسلام کو بذاتِ خود ایک مکمل دستور تسلیم نہیں کرتے۔ امیر شکیب ارسلان کا طرزِ بیان اگرچہ خطیبانہ ہے چنانچہ بعض علمی حقائق اس میں تشنہ بھی رہ گئے ہیں۔ تاہم مجموعی اعتبار سے یہ کتاب اس قابل ہے کہ ہر انگریزی تعلیم یافتہ مسلمان اس کو پڑھے اور اس سے عبرت پذیر ہو۔

© rasailojaraid.com